حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی

کمرہ نمبر: 113 پہلی منزل واپڈا آفس کمپلیکس
سینٹرل بلڈنگ حسین آباد حیدرآباد
Email : pro@hesco.gov.pk

فون نمبر: 022-9260511
022-9260452
فیکس نمبر: 022-9260361/9260452

پی آر سیکشن

تاریخ: 29.04.2021

پریس ریلیز

صارفین واجبات فوری ادا کریں ورنہ کنکشن کاٹ دیئے جائیں گے، واجبات کی وصولی اسپیشل ریکوری ٹیموں کی مدد سے کی جارہی ہے، واجبات کی ادائیگی کیئے بغیر بجلی کے کنکشن نہیں چلنے دیں گے۔ حیسکو انتظامیہ

حیدرآباد(   ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد یعقوب کی ہدایات پر بجلی کے واجبات کی 100% فیصد وصولی اور چوری کے خاتمے کے حدف کو حاصل کرنے کیلئے پورے حیسکو ریجن میں خصوصی ریکوری ٹیموں نے کاروائیاں شروع کردی ہیں، جو گھر گھر جا کر واجبات کی وصولی چیک کررہی ہیں، اور بجلی چوروں کے خلاف موقع پر ہی کارروائی کر کے جرمانہ عائد کرے مزید کارروائی کیلئے FIR درج کرائی جارہی ہیں۔ حیسکو کمرشل ادارہ ہے جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا انتظام نہیں چلاسکتا، اس لیئے جو بل ادا کرے گا اس کو بجلی فراہم کی جائے گی، جبکہ نادہندگان اپنے واجبات کی آسان ادائیگی کیلئے کسٹمرز سروس سینٹر پر ٹیلی فون کے ذریعے یا خود جا کر بلوں کی اقساط بنوا سکتے ہیں، مگر بل کی ادائیگی لازمی ہے۔ حیسکو چیف کے واضح ہدایات ہیں کہ بجلی چوری میں ملوث کسی بھی شخص کو کسی بھی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی، چاہے وہ حیسکو ملازم ہی کیوں نہ ہو، اس کے خلاف کارروائی مکمل کر کے اس کو نوکری سے فارغ کردیا جائے گا، بجلی چوری کی روک تھام سے ہی حیسکو ترقی کرسکتا ہے۔ حیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے اپیل کرتا ہے کہ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کی جائے تاکہ بجلی کی فراہمی میسر ہو سکے، بصورت دیگر بجلی منقطع کرنے کے علاوہ سخت قانونی کارروائی بھی کی جائے گی۔

مورخہ 29 اپریل 2021ء بروز جمعرات